| Surname | | Other Names | |
|---|---|---|---|
| Centre Number | | Candidate Number | |
| Candidate Signature | | | |

For Examiner's Use

General Certificate of Secondary Education
June 2008

**URDU**
**Reading Test**
**Higher Tier**

**3646/RH**

# H

Wednesday 21 May 2008    9.00 am to 9.50 am

**For this paper you must have:**
- an insert for Question 7 (enclosed).

Time allowed: 50 minutes

**Instructions**
- Use black ink or black ball-point pen.
- Fill in the boxes at the top of this page.
- Write your answers in this combined question paper/answer book.
- Answer **all** questions.
- You must answer the questions in the spaces provided. Answers written in margins or on blank pages will not be marked.
- In **Section A** answer the questions in **Urdu**.
- In **Section B** answer the questions in **English**.

**Information**
- The maximum mark for this paper is 45.
- The marks for questions are shown in brackets.
- You must **not** use a dictionary at any time during this test.

| For Examiner's Use | | | |
|---|---|---|---|
| Page | Mark | Page | Mark |
| 2/3 | | 18/19 | |
| 4/5 | | | |
| 6/7 | | | |
| 8/9 | | | |
| 10/11 | | | |
| 12/13 | | | |
| 14/15 | | | |
| 16/17 | | | |
| Total (Column 1) → | | | |
| Total (Column 2) → | | | |
| TOTAL | | | |
| Examiner's Initials | | | |

JUN0836 46RH01

Areas outside the box will not be scanned for marking

## حصّہ الف
## (سوالات اور جوابات اردو میں)

1 سوال نمبر ١: ریسٹورنٹ میں آپ کے کھانے کا بِل

| | |
|---|---|
| گوشت کا سالن | ١٢٠ روپے |
| آلو پالک | ٦٠ روپے |
| مچھلی کا سالن | ١٥٠ روپے |
| سلاد | ٤٠ روپے |
| چٹنی اور اچار | ٢٠ روپے |
| روٹی اور نان | ١٥ روپے |
| ٹیکس | ٣٠ روپے |
| کل رقم | ٤٣٥ روپے |

مثال: گوشت کا سالن کتنے کا ہے؟

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| ایک سو روپے | C | ایک سو پچاس روپے | B | ایک سو بیس روپے | A |

صحیح جواب کا انگریزی حرف خانے میں لکھیں۔ A

Areas outside the box will not be scanned for marking

1 (i) آلو پالک کی کیا قیمت ہے؟

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| A | اسّی روپے | B | ساٹھ روپے | C | چھ روپے |

صحیح جواب کا انگریزی حرف خانے میں لکھیں۔ ☐ *(1 mark)*

1 (ii) ٹیکس کتنا ادا کرنا ہوگا؟

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| A | تیس روپے | B | پچیس روپے | C | پچاس روپے |

صحیح جواب کا انگریزی حرف خانے میں لکھیں۔ ☐ *(1 mark)*

1 (iii) بِل میں سب سے سستی چیز کونسی ہے؟

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| A | روٹی اور نان | B | مچھلی کا سالن | C | ٹیکس |

صحیح جواب کا انگریزی حرف خانے میں لکھیں۔ ☐ *(1 mark)*

1 (iv) بِل میں سب سے مہنگی چیز کون سی ہے؟

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| A | مچھلی کا سالن | B | چٹنی اور اچار | C | گوشت کا سالن |

صحیح جواب کا انگریزی حرف خانے میں لکھیں۔ ☐ *(1 mark)*

4

**Turn over ▶**

Areas outside the box will not be scanned for marking

## سوال نمبر ۲: نوید کی ڈائری سے ایک ورق

2


میں اور سلیم نے باہر جانے کا پروگرام بنایا۔ ہم شام کے چھ بجے گھر سے نکلے۔ سب سے پہلے تاج ریسٹورنٹ میں کھانا کھایا۔ میں نے سبزی کھائی جب کہ سلیم نے اپنی من پسند مرغ بریانی کا لطف اٹھایا۔ اس کے بعد ہم دونوں بس پر ریگل سینما گئے اور ایک مزاحیہ فلم کا لطف اٹھایا۔ اس وقت رات کے پونے دس بج چکے تھے۔ سینما سے تھوڑا آگے بائیں طرف ایک بیکری سے ہم نے دودھ اور انڈے خریدے اور پیدل ہوسٹل کی طرف چل دیے۔

مثال: سب سے پہلے وہ کہاں گئے؟


A



B



C



صحیح جواب کا انگریزی حرف خانے میں لکھیں۔ C

Areas outside the box will not be scanned for marking

2 (i) انہوں نے کون سی فلم دیکھی؟


**A**



**B**




**C**




صحیح جواب کا انگریزی حرف خانے میں لکھیں۔ ☐ *(1 mark)*

2 (ii) بیکری کس طرف تھی؟


**A**



**B**




**C**




صحیح جواب کا انگریزی حرف خانے میں لکھیں۔ ☐ *(1 mark)*

2 (iii) انہوں نے بیکری سے کیا خریدا؟

**A**



**B**



**C**



صحیح جواب کا انگریزی حرف خانے میں لکھیں۔ ☐ *(1 mark)*

3

**Turn over ▸**


Areas outside the box will not be scanned for marking

سوال نمبر ۳: اردو چینل پر آپ موسم کے بارے میں یہ خبر پڑھتے/ پڑھتی ہیں۔ 3


محکمہ موسمیات سے ابھی ابھی اطّلاع ملی ہے کہ آج رات کے وقت موسم میں اچانک خطرناک تبدیلی کا امکان ہے۔ بعد دوپہر آسمان پر کالے بادل چھا جانے کی وجہ سے ہر چیز دھندلی ہو جائے گی۔ پھر گرج چمک کے ساتھ موسلا دھار بارش ہوگی جو کہ مسلسل پانچ گھنٹے تک جاری رہے گی۔ جس سے علاقے میں سخت سیلاب آنے کا خطرہ ہے۔ سردی کی وجہ سے درجہ حرارت گر کر پانچ ڈگری سنٹی گریڈ ہو جائے گا۔ لوگوں سے کہا جاتا ہے کہ وہ گھروں کے اندر رہیں۔ اسکولوں کے بارے میں کل صبح اعلان کیا جائے گا۔

3 (i) موسم میں یہ تبدیلی کس وقت ہوگی؟

A




B



C





صحیح جواب کا انگریزی حرف خانے میں لکھیں۔ ☐

(1 mark)

**3** (ii) **دوپہر کے بعد موسم میں پہلی تبدیلی کون سی ہوگی؟**


**A**



**B**



**C**



صحیح جواب کا انگریزی حرف خانے میں لکھیں۔ ☐


*(1 mark)*

**3** (iii) **تیز بارش کے بعد کس بات کا خطرہ ہے؟**

**A**



**B**



**C**




صحیح جواب کا انگریزی حرف خانے میں لکھیں۔ ☐


*(1 mark)*

**3** (iv) **درجہ حرارت میں کون سی تبدیلی آئے گی؟**


**A**




**B**




**C**




صحیح جواب کا انگریزی حرف خانے میں لکھیں۔ ☐

*(1 mark)*

4

Areas outside the box will not be scanned for marking

سوال نمبر ۴:   اس اشتہار کو غور سے پڑھیں۔ 4

## مکان کرائے کے لیے خالی ہے

شہر سے دو میل کے فاصلے پر واقع یہ مکان ایک چھوٹے خاندان کے رہنے کے لیے بہت مناسب ہے۔ اس مکان کی نچلی منزل پر دو بیٹھک اور ایک باورچی خانہ ہے۔ پہلی منزل پر تین سونے کے کمرے اور ایک غسل خانہ ہے۔ گھر سے تھوڑے فاصلے پر ایک سُپر مارکیٹ ہے جہاں ضرورت کی ہر چیز سستے داموں مل سکتی ہے۔ اسکول بھی نزدیک ہے اس لیے بچّے پیدل اسکول جا سکتے ہیں۔ دیہاتی علاقہ بھی بیس منٹ کے فاصلے پر ہے جہاں صبح سویرے سیر کے شوقین جا کر سیر کا لطف بھی اُٹھا سکتے ہیں۔ دو ماہ کا کرایہ پیشگی ادا کرنا ہوگا۔ مکان میں پالتو جانور رکھنے کی اجازت نہیں ہے۔ خواہش مند خواتین و حضرات فون کر کے مزید معلومات حاصل کر سکتے ہیں۔

Areas outside the box will not be scanned for marking

ہر جملے کے سامنے دیے گئے خانے میں صحیح (ص) غلط (غ) یا عبارت میں نہیں (م) کے حروف لکھیں۔ " کی" کو غور سے پڑھیں۔

| " کی" | |
|---|---|
| صحیح | ص |
| غلط | غ |
| عبارت میں نہیں | م |

| | | | |
|---|---|---|---|
| مثال | اس مکان میں ایک بڑا خاندان رہ سکتا ہے۔ | غ | |
| 4 (i) | یہ مکان برائے فروخت ہے۔ | | *(1 mark)* |
| 4 (ii) | اس مکان کے نزدیک ایک عبادت گاہ بھی ہے۔ | | *(1 mark)* |
| 4 (iii) | مزید معلومات کے لیے لوگ خط لکھیں۔ | | *(1 mark)* |

**Turn over for the next question**

3

Areas outside the box will not be scanned for marking

5 سوال نمبر ۵: نیچے جمیلہ نے سوات میں اپنی چھٹّیوں کے بارے میں لکھا ہے۔

مثال:

| | |
|---|---|
| A | میں پچھلے سال گئی تھی سوات گرمی کی چھٹّیوں میں |
| B | میں چند اپنی کے ساتھ تھی گئی وہاں سہیلیوں |
| C | اسلام آباد سے سوات تک کا سفر کافی لمبا اور مشکل تھا |
| D | ہم نے سوات کی قدرتی خوبصورتی کا خوب لطف اُٹھایا |
| E | ہم نے سوات کے لوگوں کو ملنسار اور مہمان نواز پایا |
| F | ہم نے وہاں پانچ دن کیا قیام |
| G | اس دوران سیر کی ہم نے بہت سی جگہوں کی خوبصورت |
| H | خوشگوار موسم میں شام کے وقت دریا کی سیر کا ایک الگ مزہ تھا |
| I | سوات میں چشموں کا پانی ہوتا ہے صاف شفاف |

کون سے **چار** جملوں میں الفاظ کی ترتیب ٹھیک نہیں ہے؟

صحیح جوابات کے انگریزی حروف خانوں میں لکھیں۔

مثال: A

| | |
|---|---|
| | (1 mark) |
| | (1 mark) |
| | (1 mark) |
| | (1 mark) |

Areas outside the box will not be scanned for marking

سوال نمبر ۶: عثمان نے اپنے روزانہ کے کام کے بارے میں لکھا ہے۔ 6

میں صبح سات بجے اٹھ جاتا ہوں۔ غسل کرنے کے بعد نماز پڑھتا ہوں اور آٹھ بجے ناشتے سے (مثال) [A] ہو کر اسکول کی راہ لیتا ہوں۔ میں اپنے دوستوں کے ساتھ پیدل اسکول جاتا ہوں۔ میرا پہلا سبق ساڑھے آٹھ بجے شروع ہوتا ہے۔ میرا پہلا سبق حساب کا ہوتا ہے اور یہی میرا پسندیدہ (i) [ ] بھی ہے۔ اسکول میں کھانے کا وقفہ بہت (ii) [ ] ہوتا ہے۔ ایک تو اسکول کا کھانا مزیدار ہوتا ہے دوسرا اس میں مجھے اپنے دوستوں کے ساتھ گپ شپ کرنے کا (iii) [ ] بھی ملتا ہے۔ لیکن یہ وقفہ صرف پینتالیس منٹ کا ہوتا ہے جو کہ بہت کم ہے۔ کھانے کے وقفے کے بعد تاریخ کا (iv) [ ] ہوتا ہے جو مجھے بالکل اچھا نہیں لگتا۔ تین بجے اسکول میں (v) [ ] ہو جاتی ہے اور میں اپنے دوستوں کے ساتھ گھر چلا جاتا ہوں۔ شام کے وقت پارک میں کرکٹ کھیلتا ہوں۔ ہوم ورک کرنے کے بعد رات کے دس بجے سو جاتا ہوں۔

نیچے دیے ہوئے الفاظ میں سے مناسب الفاظ کے انگریزی حروف خانوں میں لکھیں۔

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| D | مضمون | C | کھیل | B | سبق | A | فارغ |
| H | وقت | G | چھٹّی | F | موقع | E | دلچسپ |

*(5 marks)*

9

**Turn over ▶**

Areas outside the box will not be scanned for marking

7 سوال نمبر ۷: نیچے کچھ لوگوں نے اپنے کام کے بارے میں لکھا ہے۔

**See insert for table.**


کون کیا کرتا/کرتی ہے؟ صحیح جواب کا انگریزی حرف خانے میں لکھیں۔

مثال: آصف کا کیا پیشہ ہے؟

**A**



**B**




**C**



صحیح جواب کا انگریزی حرف خانے میں لکھیں۔ C

7 (i) راشدہ کا پیشہ کیا ہے؟


**A**



**B**



**C**



صحیح جواب کا انگریزی حرف خانے میں لکھیں۔ ☐

*(1 mark)*

Areas outside the box will not be scanned for marking

**7** (ii) راج کیا کام کرتا ہے؟

**A**



**B**



**C**




صحیح جواب کا انگریزی حرف خانے میں لکھیں۔ ☐ *(1 mark)*

**7** (iii) خالد کا کام کس قسم کا ہے؟


**A**



**B**



**C**




صحیح جواب کا انگریزی حرف خانے میں لکھیں۔ ☐ *(1 mark)*

**7** (iv) نجمہ کس طرح کا کام کرتی ہے؟


**A**



**B**



**C**



صحیح جواب کا انگریزی حرف خانے میں لکھیں۔ ☐ *(1 mark)*

**4**

**Turn over ▶**

Areas outside the box will not be scanned for marking

سوال نمبر ۸: آپ انٹرنیٹ پر مندرجہ ذیل موضوعات پر چند سُرخیاں پڑھتے/ پڑھتی ہیں۔ 8

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| موسم | A | تجارت | B | سیاست | C | کھیل | D |
| ذرائع آمد ورفت | E | خواتین کے مسائل | F | جُرم اور سزا | G | | |

کس سُرخی کا تعلّق کون سے موضوع سے ہے؟ صحیح جواب کا انگریزی حرف خانے میں لکھیں۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| مثال | آج شام کو مُوسلا دھار بارش کا امکان ہے۔کل صبح کے وقت تیز ہوا چلے گی لیکن دوپہر کے وقت آسمان صاف ہو جائے گا اور سورج چمکے گا۔ | A | |
| 8 (i) | موسمِ سرما میں پاکستان میں قومی انتخاب ہوں گے۔اس بات کا امکان ہے کہ تمام پارٹیاں اس میں بھرپور حصّہ لیں گی۔ | | (1 mark) |
| 8 (ii) | پاکستان اور انگلستان کی ٹیموں کے درمیان ایک روزہ کرکٹ میچ اگلے ہفتے شروع ہوں گے۔ان میچوں کے تمام ٹکٹ بہت پہلے ہی سے بِک چکے ہیں۔ | | (1 mark) |
| 8 (iii) | بُدھ کے روز بولٹن کے مرکزی بازار میں زیورات کی چوری کرنے والے تین مجرموں کو پولیس نے گرفتار کر کے عدالت میں پیش کر دیا ہے۔ | | (1 mark) |
| 8 (iv) | ان چند سالوں میں پاکستان سے خواتین کے سِلے سِلائے کپڑوں کی برآمد میں اضافے کی وجہ برطانیہ میں پاکستانی لباس کی بڑھتی ہوئی مقبولیت ہے۔ | | (1 mark) |

**Turn over for the next question**

**DO NOT WRITE ON THIS PAGE**
**ANSWER IN THE SPACES PROVIDED**

4

Areas outside the box will not be scanned for marking

سوال نمبر ۹: برطانیہ کے ایک اردو اخبار میں پاکستان کے بارے میں آپ یہ مضمون پڑھتے/ پڑھتی ہیں۔ 9

آبادی کے اعتبار سے پنجاب پاکستان کا سب سے بڑا صوبہ ہے پنجاب کی زمین زرخیز ہے جس کی وجہ سے اکثر لوگوں کا پیشہ کھیتی باڑی ہے۔ لاہور پنجاب کا سب سے بڑا شہر اور دارالخلافہ بھی ہے جو اپنی تاریخی عمارتوں اور یونیورسٹی کی وجہ سے بہت مشہور ہے۔ لاہور کے لوگوں کے بارے میں عام طور پر کہا جاتا ہے کہ وہ بڑے فراخ دل ہوتے ہیں اور باہر سے آنے والوں کو اپنے شہر میں خوش آمدید کہتے ہیں۔ لاہور میں بسنت کا تہوار بڑے جوش وخروش کے ساتھ منایا جاتا تھا۔ بسنت کے دن آسمان رنگ برنگی پتنگوں سے بھر جاتا تھا۔ لیکن بہت زیادہ جانی نقصان ہونے کی وجہ سے اب حکومت نے اس تہوار پر پابندی لگادی ہے۔ اس کے علاوہ فیصل آباد اپنی کپڑے کی صنعت کی وجہ سے کافی مشہور ہے۔ اس لیے اسے پاکستان کا مانچسٹر بھی کہا جاتا ہے۔ پاکستان کا سب سے بڑا شہر کراچی ہے اور بندرگاہ ہونے کی وجہ سے اسے بہت اہمیّت حاصل ہے۔ اس کے علاوہ اس شہر میں قائدِ اعظم کا مزار بھی ہے۔ روزگار کی تلاش میں پاکستان بھر سے لوگ کراچی آتے ہیں اور کام کر کے اپنے خاندان کا پیٹ پالتے ہیں۔

Areas outside the box will not be scanned for marking

مندرجہ ذیل سوالوں کے جوابات اردو میں لکھیں۔

مثال	مضمون میں پاکستان کے کن تین بڑے شہروں کا ذکر کیا گیا ہے؟

لاہور، فیصل آباد اور کراچی

الف:	لاہور کیوں مشہور ہے؟ دو باتیں لکھیں۔

.............................................................................................................................

.............................................................................................................................

*(1 mark)*

ب:	لاہور کے لوگوں کے بارے میں کیا کہا گیا ہے؟ دو باتیں لکھیں۔

.............................................................................................................................

.............................................................................................................................

*(1 mark)*

ج:	بسنت کے موقع پر لوگ کیا کرتے ہیں اور اب اس کی اجازت کیوں نہیں ہے؟

.............................................................................................................................

.............................................................................................................................

*(1 mark)*

د:	فیصل آباد کو پاکستان کا مانچسٹر کیوں کہا جاتا ہے؟

.............................................................................................................................

.............................................................................................................................

*(1 mark)*

س:	پاکستان کے دوسرے علاقوں سے لوگ کراچی کیوں آتے ہیں؟

.............................................................................................................................

.............................................................................................................................

*(1 mark)*

5

**Turn over ▶**

Areas outside the box will not be scanned for marking

## SECTION B

Questions and answers in **English**.

**10** You read the following article in a newspaper about Urdu films.

وقت کے ساتھ ساتھ فلمی دنیا میں بھی تبدیلیاں آتی گئیں۔ پُرانے زمانے میں فلموں کی کہانیاں بڑی دلچسپ اور حقیقت کے قریب ہوتی تھیں۔ زیادہ تر فلمیں پیار و محبت کے موضوع پر بنائی جاتی تھیں۔ فلموں میں گانوں کو بہت اہمیّت حاصل تھی۔ بلکہ یوں کہیے کہ فلموں کی مقبولیت کا انحصار گانوں پر ہی ہوا کرتا تھا۔ ان فلموں کے لیے گانے لکھنے والے شاعروں کا ادب کی دنیا میں بڑا مقام ہوا کرتا تھا۔ شاعر لوگ گانے لکھتے وقت الفاظ کا استعمال اس خوبصورتی سے کرتے تھے کہ سننے والے ان میں کھو جاتے تھے۔ اس لیے ان فلموں کے گانے آج بھی ہمیشہ کی طرح مقبول ہیں اور لوگ انہیں بڑے شوق سے سنتے ہیں۔ پردیس میں رہتے ہوئے یہ گانے دل کو اور بھی اچھّے لگتے ہیں۔ انھیں سن کر وطن کی بچپن کی یادیں تازہ ہو جاتی ہیں۔

اس کے برعکس جدید فلموں کی کہانیاں کچھ اُوٹ پٹانگ سی ہوتی ہیں۔ اکثر فلموں میں ایسے مناظر فلمائے جاتے ہیں کہ انسان گھر والوں کے ساتھ بیٹھ کر یہ فلمیں نہیں دیکھ سکتا۔ جدید فلموں میں اداکاری، لباس اور بناؤ سنگھار ہمارے آبائی دیس کے رسم و رواج اور تہذیب کی بالکل عکاسی نہیں کرتے۔ اکثر فلمیں دوسری فلموں کی نقل ہوتی ہیں اور یہی حال گانوں کا بھی ہے۔ ایسا لگتا ہے کہ آج کل فلمیں بنانے کا اصل مقصد صرف اور صرف پیسہ کمانا ہے۔ جبکہ پُرانی فلموں میں منافع کے ساتھ ساتھ دیکھنے والوں کی تفریحِ طبع کا بھی پورا خیال رکھا جاتا تھا۔ اکثر جدید فلمیں مار دھاڑ اور گالی گلوچ سے بھرپور ہوتی ہیں جُرم اور فساد کرنے والوں کو ہیرو کے رُوپ میں دکھایا جاتا ہے۔ اس طرح کی باتیں نوجوان نسل کے ذہن پر بُرا اثر ڈالتی ہیں۔ کئی بار پڑھنے اور سننے میں آتا ہے کہ ان فلموں سے متاثّر ہو کر نوجوان جرائم کی زندگی اپنا لیتے ہیں۔

فلمیں ایسی بنائی جانی چاہئیں کہ جن کی کہانیوں میں دیکھنے والوں کے لیے کچھ سبق ہو۔ خاص کر ہماری نئی نسل ان سے اچھّی باتیں سیکھے۔ فلم بناتے وقت اس بات کا خیال رکھا جائے کہ فلموں میں استعمال کی جانے والی زبان معیاری ہو اور ان میں ایسے مناظر نہ ہوں جن کا نوجوان نسل کے ذہنوں پر بُرا اثر پڑے۔

Areas outside the box will not be scanned for marking

**10** (a) What was the common theme of most Urdu films in the past?

..............................................................................................................................

*(1 mark)*

**10** (b) What part did songs use to play in old films and why are they still popular?

..............................................................................................................................

..............................................................................................................................

*(2 marks)*

**10** (c) According to the article, why do new films **not** reflect the culture of the sub-continent?

..............................................................................................................................

*(1 mark)*

**10** (d) In your opinion, what effects do modern films have on young people?
Give **two** details.

1 ..............................................................................................................................

2 ..............................................................................................................................

*(2 marks)*

**10** (e) According to the article, what is the main purpose of making modern films?

..............................................................................................................................

*(1 mark)*

**10** (f) What advice is given to the producers of new films? Give **two** details.

1 ..............................................................................................................................

2 ..............................................................................................................................

*(2 marks)*

**END OF QUESTIONS**

9

**There are no questions printed on this page**

**DO NOT WRITE ON THIS PAGE**
**ANSWER IN THE SPACES PROVIDED**

Copyright © 2008 AQA and its licensors. All rights reserved.

General Certificate of Secondary Education
June 2008

**URDU** **3646/RH**
**Reading Test**
**Higher Tier**

# Insert

Table for use with **Question 7**

Table for use with **Question 7**

| | | |
|---|---|---|
| مثال: | آصف | میں گاڑیاں ٹھیک کرتا ہوں۔اس کام میں آمدنی تو بہت اچھّی ہے لیکن گاڑیوں کا دُھواں صحّت کے لیے بہت نقصان دہ ہے۔ |
| | راشدہ | میں کھیتوں میں کام کرتی ہوں۔میرا کام تو کافی تھکا دینے والا ہے لیکن اپنے اردگرد ہرے بھرے کھیتوں کو دیکھ کر مجھے بہت مزہ آتا ہے۔ |
| | راج | میں ایک ہوٹل کے باورچی خانے میں کام کرتا ہوں اور طرح طرح کے کھانے پکاتا ہوں۔میرے بنائے ہوئے کھانے بہت لذیذ ہوتے ہیں |
| | خالد | میں سمندر میں تیرتے ہوئے لوگوں پر نظر رکھتا ہوں۔اگر کسی کی جان کو خطرہ ہو تو میں اپنی جان کی پرواہ کیے بغیر گہرے پانی میں کُود جاتا ہوں۔ |
| | نجمہ | میں ہزاروں فٹ کی بلندی پر پرواز کرتے ہوئے جہاز میں مسافروں کی دیکھ بھال کرتی ہوں تاکہ کسی مسافر کو کسی قسم کی تکلیف نہ ہو۔ |

Copyright © 2008 AQA and its licensors. All rights reserved.